دھوئیں کے الارم یا سموک الارم

قانون کے مطابق، وکٹوریہ میں تمام رہائشی املاک کو اپنے گھر کی ہر منزل پر کم از کم ایک سموک الارم نصب کرنا چاہیے۔

FRV اور CFA چھیڑ چھاڑ سے محفوظ چیمبر میں 10 سالہ لیتھیم بیٹری والے سموک الارمز استعمال کرنے کی تجویز دیتے ہیں۔

- آپ کے گھر کے تمام سموک الارمز کو ایک دوسرے سے جڑا ہوا ہونا چاہیے۔
- وہ اسٹینڈ الون (240v مین پاور سے غیرمنسلک) یا ہارڈ وائرڈ (240v مین پاور سے منسلک) ہو سکتے ہیں۔



ماہانہ

- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ یونٹ کام کر رہا ہے ٹیسٹ بٹن دبائیں
- اسے تب تک تھامے رکھیں جب تک کہ الارم بجنے کی آوازتین بار نہ سنائی دے۔

سالانہ

- سموک الارم کے کوّر کے اوپر سے دھول صاف کریں یا اسے احتیاط سے کپڑے سے صاف کریں۔
- اگر آپ کے پاس 9 وولٹ کی بیٹری والا سموک الارم ہے تو بیٹری کو ہرسال تبدیل کریں۔

ہر 10 سال بعد تبدیل کریں

- تمام سموک الارمز کو (چاہے وہ ہارڈ وائرڈ ہوں یا اسٹینڈ الون) تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

CFA

FIRE RESCUE VICTORIA

میں اپنا سموک الارم کہاں نصب کروں؟

Certified Product™
Australian Standard

- سموک الارمز کو دیوار سے کم از کم 30 سینٹی میٹر کے فاصلے پر چھت پر نصب کیا جانا چاہیے۔
- سموک الارمز سونے کی ہر جگہ اور گھر کے باقی حصے کے درمیان لگانے چاہئیں۔
- آسٹریلین فائر سروسز تجویز کرتی ہے کہ سموک الارم اٹھنے بیٹھنے کی تمام جگہوں، دالانوں اور بیڈ رومز، یا کسی ایسے کمرے میں جہاں کوئی سوتا ہے، لازمی لگانے چاہئیں۔
- سموک الارمز کو آسٹریلین معیار AS3786 پر پورا اترنا چاہیے۔

یہ سونے کی جگہوں اور گھر کے باقی حصوں کے درمیان واقع ہونے چاہئیں

وہ اضافی جگہیں جہاں اضافی تحفظ فراہم کرنے کے لیے آپ سموک الارم لگا سکتے ہیں



صرف کام کرنے والے سموک الارم زندگیاں بچاتے ہیں۔
سموک الارمز کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے یہاں اسکین کریں۔
فائر سیفٹی کی مزید معلومات کے لیے frv.vic.gov.au/cfa.vic.gov.au ملاحظہ کریں